ہے کہ آپ ان functions جو executive functions ہیں ان کیلئے آپ rules of business بنائیں یعنی authorities جیسا کہ ہمارے دوستوں نے کہا وہ Constitution میں واضح ہے اور مختلف آرٹیکلز میں دیا ہوا ہے۔ پارلیمنٹ کی اتھارٹی ہے ، کیبنٹ کی اتھارٹی ہے ، آرمڈ فورسز کے بارے میں آپ کو پروفیسر صاحب نے واضح بتایا کہ آرمڈ فورسز کے اختیارات 243,244,245 میں بڑے واضح ہیں کہ وہ باقاعدہ کابینہ ، وفاقی حکومت کے ماتحت ہیں اور وفاقی حکومت کی ایڈوائس آرٹیکل 48 کے تحت صدر پر binding ہے ۔ اس کے باوجود رولز آف پروسیجر کو لے کر تمام آئینی set up کو تبدیل کر دیا۔ جناب والا! ایک پاور ہے اور ایک procedure for the use of power, procedure کو اس طرح غلط استعمال کیا گیا کہ powers چھین لی گئیں ۔ جناب والا! میں واضح طور پر کہتا ہوں کہ مارشل لاء لگ گیا ہے اور جناب نگران وزیر اعظم نے بجا فرمایا ہے کہ اب کوئی اور نیا مارشل لاءنہیں لگے گا کیونکہ انہوں نے باقاعدہ ایک مستقل مارشل لاء impose کر دیا ہے۔ اب یہاں حالات ایسے ہیں کہ ہمارے دوست بات کو diplomatic انداز میں کہتے ہیں کیونکہ اب انتخابات ہونے والے ہیں اور ڈرتے ہیں کہ کوئی ایسا طریقہ نہ ہو کہ انتخابات سے لوگوں کو نکال دیا جائےورنہ بات صاف ہے کہ پشتو میں مشہور قصہ ہے کہ ایک شخص نے ایک جن کو ایک قصاب کو مارنے کی ہدایت کی اور اس جن نے ایک اور دکاندار کو جو کسی اور اقلیتی مذہب کا تھا اس پر حملہ کرکے مار دیا اور یہاں آ کر رپورٹ کر دی کہ میں نے اس کو مار دیا ہے ۔ وہ آدمی جن سے پوچھتا ہے کہ کس کو مارا ہے تو جن نے بتایا کہ جو اقلیتی مذہب کا دکاندار ہے اس کو مار دیا ہے۔ وہ شخص کہتا ہے کہ بھئی میں نے تو آپ کو قصاب کو مارنے کے لئے کہا تھا ، آپ نے قصاب کو کیوں نہیں مارا ۔ جن نے جواب دیا کہ جناب قصاب کے پاس تو چھرا تھا ۔ اب یہاں کوئی جرأت نہیں کر سکتا کہ ہماری پچاس سال کی جمہوری جدوجہد اور اس میں فوج کی مداخلت اور ان کو تین دن کے اندر نوٹس دے کر تمام فیصلے۔۔۔ آئینی set up خواہ 48 کا ہے ، خواہ وہ 90 کا ہے ، خواہ وہ 99 ہے ، خواہ وہ 234 ہے ، خواہ 245 ہے ، یعنی ہمارا جو آئینی structure ہے ۔ ۔۔یہ بالکل بجا ہے صوبائی اختیارات چھین لئے گئے ہیں ۔ یہ بالکل درست ہے کہ ہمارے صوبوں کے اختیارات پہلے دن سے نہیں تھے اور یہاں ایک صوبے کی ایک بڑی اکثریت ہے اور اس اکثریت کے متعلق آپ جانتے ہیں کہ اس ایوان میں ہم مسلسل چیختے چلاتے ہیں کہ ہمارے صوبے کو بجٹ نہیں ملتا ، ہمیں سروسز نہیں ملتیں ۔ جب یہاں اتنی بڑی اکثریت ہے اور اس کے ساتھ آپ فوج کو

بھی وہاں بٹھائیں۔ کونسی کابینہ ہے؛ صاف بات ہے کونسی کابینہ ہے میں یہ پوچھوں گا یہاں جیسا کہ پروفیسر صاحب نے حوالہ دیا کہ کونسل کی جو فارمیشن ہے اس میں کل دس آدمی ہیں اور ان میں چار فوج کے ہیں ۔ کس منسٹر میں یہ جرأت ہوگی کہ اس ملٹری والے کے پاس جو ڈنڈا ہے ' چار اور اس کے ساتھ ملائیں اور وہ اس کا جواب دے ۔ آج بھی کوئی جواب نہیں دے سکتا ۔

آج یہ اہم مسئلہ ہے کہ ہمارے ملک کے بجٹ میں سے 131 ارب روپے ڈیفنس میں جا رہے ہیں ' یہاں لوگ کہتے ہیں دیوالیہ ہیں ' کیوں دیوالیہ ہیں ' 186 ارب روپے ہمارے امریکیوں اور یورپین کو قرضے کی ادائیگی میں جا رہے ہیں۔ کسی حکومت میں یہ جرأت نہیں ہے کہ ان کے ساتھ بات کرے کیونکہ اگر Americans کی منظوری حاصل نہیں ہے کوئی حکومت نہیں آ سکتی ۔ محترمہ بےنظیر صاحبہ کیوں یہ بات نہیں کرتیں ۔ ایک شخص کہتا ہے کہ نہیں اس میں امریکہ کا ہاتھ نہیں ہے یہ جو کیئرٹیکرز کا نیابندوبست ہوا ہے ' کوئی کہتا ہے اس میں فوج کا ہاتھ نہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں اس میں فوج کا بھی ہاتھ ہے ' امریکہ کا بھی اس میں ہاتھ ہے ۔ یہ پاکستان کے عوام کی آواز ہے ۔ پاکستان کے عوام کہتے ہیں کہ ہماری جو تمام بدقسمتی ہے -- جناب چیئرمین ! آپ خود اندازہ لگائیں---500 ارب روپے اس سال ہمارا خرچہ ہے ۔ ہماری اس سال کی آمدنی کل 316 ارب اور دو مدات میں 131 ارب روپے فوج کا خرچہ اور 186ارب روپے قرضہ ' یہ 317 ارب روپے بنتے ہیں ۔ باقی تمام ہم کو قرضہ لینا پڑتا ہے ۔ اب یہاں caretaker Prime Minister یہ حل نہیں کر سکتا ۔ یہ کل نواز شریف صاحب آ جائیں حل نہیں کر سکتے ۔ یہ کل محترمہ بینظیر صاحبہ حل نہیں کر سکتیں ۔ ہماری تمام پارٹیاں مل کر consensus کر کے یہ بڑے بڑے مسائل حل کر سکتی ہیں ۔ جناب والا ! واضح بات ہے کہ ہم نے اس strategy پر کتنا خرچ کرنا ہے' ہمیں قرضہ میں خارجی ممالک کو کتنا دینا ہے ' پھر بجٹ اگر ایک stageپر ہم لے آئیں کہ ہم educationپر بھی خرچ کریں' ابھی یہاں فرماتے ہیں کہ educationپر ہم اتنا خرچ کریں گے ۔ کوئی کہتا ہے کہ ہم health پر اتنا خرچ کریں گے ' آپ کہاں سے خرچ کریں گے ۔ کوئی خرچ نہیں کر سکتا جناب والا! ہماری عرض یہ ہے کہ بنیادی طور پر یہ ایک سازش ہے ۔ چار تاریخ کو جناب صدر نے journalists کو بیان دیا کہ ہم نے کونسل بنائی ہے ۔ پانچ تاریخ کے درمیان جناب والا! ہم نے جاوید جبار صاحب کو پڑھا کہ یہ واقعی صحیح بات ہے اور اسی تاریخ کو بیان ہے وزیر اعظم صاحب کا کہ نہیں ایسی بات کے بارے میں ہمیں علم نہیں ہے اور چھ تاریخ کو میٹنگ ہے اور کابینہ والے کہتے ہیں کہ آپ یہ advice دے سکتے ہیں' آپ کو یہ اختیار ہے کہ آپ مارشل لاء لگائیں Rules of

Business جناب والا! Rules of Business صرف یہ ہے ' ہمارے بھی سینٹ کے Rules of Business ہیں اس میں مثلاً یہ ہے کہ ایک سیکریٹری ہے ہمارا اور کل کوئی یہاں آ کر ہمیں کہے کہ آپ کا سیکریٹری ملٹری کا جنرل ہو گا Rules of Business ہے ' کیا ایسے Rules of Business کے ذریعے آئین کے set up کو ختم کرنے کی یہ سازش نہیں ہے ' یہ جرم نہیں ہے ' یہ subversion of the Constitution نہیں ہے ۔ آرٹیکل 6 میں واضح الفاظ ہیں جناب والا! کہ '

"any person who abrogates or attempts or conspires to abrogate, subverts or attempts or conspires to subvert the Constitution by use of force or show of force or by other unconstitutional means shall be guilty of high treason."

اب سوال یہ ہے کہ اس کے مختلف components ہیں subversion کے معنی annulment, throwing away the Constitution ہے اور اس کے ساتھ through show of force یعنی show of force کیا ہوتی ہے آپ ملٹری show کرتے ہیں۔ جب بات آتی ہے جنرل کی اس کے معنی ہیں سب چپ ہو جاتے ہیں یہ show of force ہے تو جناب والا! یہ subversion یہ exactly --- پاکستان کے عوام جب الیکشن کریں گے یہ ان کا فرض بنتا ہے کہ caretaker government پر subversion کا مقدمہ چلائیں ۔ Mr. President پر subversion کا مقدمہ چلائیں یہ سپریم کورٹ میں آنا چاہیئے اور وہاں باقاعدہ اس پر ریفرنس ہونا چاہیئے کہ کیا یہ subversion of the Constitution ہے یا نہیں ۔ کیا آپ کو یہ اجازت ہے کہ آپ Rules of Business کے ذریعے تمام آئین کو upset کرتے ہیں ۔

جناب والا ! یہ آئین میں نے عرض کیا یہ 1985 والا آئین ہے' اس کو بار بار مختلف شکلوں میں تبدیل کیا گیا ہے ۔ عوام کے ' پارلیمنٹ کے ' کیبنٹ کے اختیارات ختم کئے گئے اور اب اس کے بعد پھر اس میں اضافہ کیا گیا ہے یعنی ابھی یہ بالکل ایک مارشل لاء ہے ۔پاکستان کے عوام کسی صورت میں بھی اس کی منظوری نہیں دے سکتے۔ جناب والا! ہونا یہ چاہیئے کہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ اور صدر صاحب اس کو withdraw کریں اور وقت پر الیکشن کرائیں اور یہ اختیارات منتخب لوگوں کے حوالے کریں ۔ جناب والا! معاشی بد حالی' بدامنی بغیر mandate کے کوئی شخص حل نہیں کر سکتا۔ جب کسی گورنمنٹ کے پاس اختیارات نہیں ہوتے تو وہ نہ کوئی ٹیکس لگا سکتی ہے ' نہ وہ کسی کے سامنے صحیح بات کرنے کی جرأت کر سکتی ہے اور نہ ہی وہ اپنے ملک کی

بنیادی پالیسیاں بنا سکتی ہے ۔

جناب والا! میں کہتا ہوں کہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ اپنی حدود کے اندر رہے۔ ہم نے جناب والا! کیئر ٹیکر گورنمنٹ کی عزت بھی کی تھی کیونکہ ہمیں امید تھی کہ وہ صحیح راستے پر چل کر اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے گی لیکن اب جو نئی چیزیں آ گئی ہیں یہ بالکل آئین کے بھی خلاف ہیں اور ہمارے ملک کے عوام کے مفاد کے خلاف ہیں اور یہ آئندہ کے لئے بھی ملک کو اس صورتحال میں ڈال رہے ہیں کہ وہ خود بھی اس پیچیدہ صورتحال میں ، جیسے یہاں اعتزاز صاحب نے کہا کہ جناب صدر صاحب اب قدم بہ قدم پیچیدگیوں میں جا رہے ہیں۔ یہ وہ Macbeth کا ڈرامہ ہے انہیں آخیر میں سات سمندر خون سے گزرنا پڑے گا۔ جناب والا! یہ حرکات صحیح نہیں ہیں۔ بہرصورت ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کو withdraw ہونا چاہیئے۔ شکریہ۔

جناب محمد افضل خان۔ جناب والا ! اگر اجازت ہو تو میں ایک سٹیٹمنٹ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ریلوے کا ایک accident ہوا جسے میں on the floor لانا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman, on 8th January, 1997, 15-Up Karachi Express, while running between Jehania and Jungle Moralla Station on Lodhran Khenewal Section at Multan Division, met with an accident at 5.35 a.m. , 5 of its coaches derailed by two wheels, while 7 of the coaches derailed by one wheel. As a result of the accident, one passenger named Mr. Altaf son of Muhammad Yousaf , Chaman Colony, Sadiqabad, near Karimabad, Federal B Area , Karachi died while 2 passengers were seriously injured. 40 other passengers were slightly injured and 15 of them have been shifted to District Headqarter Hospital , Khanewal for further treatment. The other slightly injured passengers were given first aid by the Railway Medical Officer at the site of accident. The General Manager Railways alongwith other senior officers; Chief Mechanical Engineer, Chief Engineer and Chief Commercial Manager rushed to the site of accident from Lahore. The Federal Government Inspector of Railways also reached at site by

relief train from Khanewal. The cause of accident is under an investigation and an enquiry has been ordered into the derailment.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Now we continue with the debate.

FATEHA FOR THE VICTIMS OF TRAIN ACCIDENT.

شیخ رفیق احمد۔ جناب والا! جو اس حادثہ میں فوت ہو گئے ہیں ان کے لئے فاتحہ پڑھی جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب فضل محمد صاحب آپ فاتحہ کر لیں اور پھر تقریر بھی شروع کر دیں۔

(اس موقع پر فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ پہلے کہ آپ تقریر شروع کریں میں جاننا چاہوں گا کہ یہ جو pattern بنا لیا ہے کہ ایک اس طرف سے اور ایک اس طرف سے۔

جناب جاوید جبار ۔ جناب چیئرمین ! ایسا کوئی pattern نہیں ہے لیکن tomorrow one or possibly two members of the Caretaker Government may wish to address the House with your permission but not today as Shafqat Mahmood has already spoken.

Mr. Presiding Officer: OK, Hafiz Sahib now it is your turn.

حافظ فضل محمد، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت بہت شکریہ کہ اس اہم اور انتہائی قومی معاملے پر مجھے موقع فراہم کیا۔ جہاں تک اس کونسل برائے دفاع اور قومی سلامتی کے مقاصد ہیں جو ہمارے محترم صدر صاحب نےچھ جنوری کو تشکیل دی، میں سمجھتا ہوں کہ 5 نومبر، 1996 کو جناب فاروق احمد خان لغاری صاحب نے جمہوریت کو قتل کردیا۔ جبکہ اس جمہوریت کی لاش ابھی پڑی ہوئی تھی، چھ جنوری کو اس کا نماز جنازہ پڑھایا۔ اس کے بارے میں تو ہم یہی کہہ سکتے ہیں کہ

ناخدا ترس کی از غم زبہ کشتی و دیگر

بر سر نعش من از بحر نماز آمد
اے آفرین بر دل نرم کہ تو از بحر ثواب
کشتہ غم زنئے خود را بہ نماز آمد

اپنے ہی قتل کئے ہوئے کی لاش پر نماز جنازہ کے لئے تشریف لائے اور آنسو بہاتے رہے، اظہار افسوس کرتے رہے، نماز جنازہ پڑھائی۔ یہ سمجھتے تھے کہ جناب فاروق احمد خان لغاری صاحب اپنی تمام زندگی، تمام عمر، اپنی جوانی کے دوران جمہوریت کے لئے لڑتے لڑتے اس مقام پر پہنچ گئے تو قوم کو، پوری دنیا کو، جمہوری قوتوں کو ان سے یہ توقعات تھیں کہ وہ اپنے اس صدارتی منصب کو جمہوری اداروں کے استحکام اور پائیداری اور مضبوطی کے لئے استعمال کرکے چلے جائیں گے۔ لیکن ہوا اس کے برعکس۔ آتے ہی انہوں نے جمہوریت کے خلاف "انتہائی دھاری"، تیز چھری چلائی۔ اس کو اگر ہم جمہوریت کے قاتل کے نام سے پکاریں گے تو میرے خیال میں غلط نہیں ہو گا۔

جناب اس دفاعی اور سلامتی کونسل کے جو مقاصد ہمارے دانشور حضرات، جو نام نہاد دانشور اپنے آپ کو کہتے ہیں، یہ نگراں حکومت کے وزراء صاحبان، جو ان کے مقاصد ہمارے سامنے یا قوم کے سامنے پیش کرتے ہیں، ان میں سے ایک مقصد یہ سامنے لاتے ہیں کہ صدر صاحب کو 58(2)(b) کے حوالے سے جو اختیارات حاصل ہیں پھر ان کے استعمال کی ضرورت نہیں پڑتی۔ مجھے ان کی دانشوری پر، ان کی عقل پر، ان کی فہم و فراست پر، ان کی دانش اور سیاست پر تعجب ہے اور جی چاہتا ہے کہ ماتم کروں کہ جب تمام اختیارات صدر ہی کے پاس ہیں، جب تمام اختیارات فوج ہی کے پاس ہیں، پھر اسمبلی کے توڑنے کی ضرورت کیا ہے۔ یعنی وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر اس کونسل کے بعد پھر اسمبلی توڑنے کی، پارلیمنٹ کو برخاست کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی ہے تو پھر جب پارلیمنٹ ایک عضوِ معطل، ایک نعش، ایک مفلوج پارلیمنٹ رہ جاتی ہے تو پھر اس کو برخاست کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ بلکہ اس وقت تو ان کی یہی ضرورت ہے کہ مفلوج پارلیمنٹ ایک عضو معطل کی شکل میں، ایک کٹھ پتلی پارلیمنٹ موجود رہے کیونکہ کام وہ کرتے ہیں اور اس کو ایک ربڑ سٹیمپ کے طور پر استعمال کریں گے۔ اس صورت میں تو اسے قائم رکھنا ان کی ضرورت ہے۔ اس کو پھر برخاست کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

جناب والا! مجھے تو ان کی اس بات پر بھی تعجب ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اس سے

مارشل لا ء کا راستہ رک جائے گا ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جب تمام اختیارات فوج کے حوالے کر دیئے جائیں تو پھر مارشل لاء کی ضرورت ہی کیا ہے۔ وہ تو ایک قسم کا براہ راست ہی مارشل لاء ہے۔ ان کی اس بات پر بھی مجھے تعجب ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اس کی حیثیت مشاورتی ادارے کی ہو گی۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک منطقی مسئلہ ہے، ایک نفسیاتی مسئلہ ہے اور ایک مسلمہ تجربات سے نکلا ہوا مسئلہ ہے کہ جب بھی کسی بڑے کا مشورہ ہوتاہے یا کسی بالا دست کا مشورہ ہوتاہے تو یہ اپنے ماتحت کے لئے مشورہ نہیں بلکہ حکم ہوتا ہے۔ اس کا نام تو مشورہ ہوتاہے لیکن اصل میں وہ حکم ہوا کرتا ہے۔ اللہ نے بھی فرشتوں سے مشورہ مانگا، فرشتوں نے جو مشورہ دیا، اللہ نے اسے مسترد کر دیا کہ یہ تمہارا مشورہ غلط ہے ۔ باپ بھی اگر اپنے بچوں سے یا اپنے ماتحتوں سے مشورہ لیتا ہے تو وہ مشورہ نہیں ہوتاہے بلکہ حکم ہوتا ہے۔ یعنی بڑے کا چھوٹوں کے لئے، ماتحتوں کے لئے، زیر دستوں کے لئے مشورے کی حیثیت نہیں رکھتا ہے۔ نام مشورے کا ہے لیکن دراصل وہ حکم ہے۔ جناب والا! جب یہ کونسل بیٹھے گی تو وہ کون وزیر اعظم ہوگا جو اس مشورہ کی مخالفت کرے گا یا فوج کے سامنے کوئی اس طرح کی بات کرے گا ۔ چھری کو سامنے دیکھتے ہوئے، موت کو اپنے سامنے دیکھتے ہوئے کون وزیر اعظم ہوگا جو اس کے خلاف کوئی بات کرے گا۔ ایسا یہ قطعاً نہیں کر سکتاہے۔ جب وزیر اعظم کرسی پر بیٹھا ہوتا ہے تو وہ دیکھتا ہے کہ اگر میں نے ان کے اشارہ ابرو کے خلاف کوئی حرکت کی تو پھر بدسے بد ترین سلوک ہو گا۔ اس لئے وہ مشورہ والی بات نہ کہیں۔ ہمارے جو دانشور حضرات ہیں، وہ صاف صاف، کھل کر قوم کے سامنے جو اصل عزائم ہیں، وہ لائیں۔ وہ یہ نہ کہیں کہ ان کی حیثیت ایک مشورہ دینے کی حیثیت ہو گی ۔ یہ صرف ایک مشاورتی کونسل ہے ۔ یہ صرف مشورہ کی حد تک بات کریں گے ۔

جناب والا ! کونسل کے مقاصد، کہا گیا ہے کہ صرف یہ ہیں کہ ملک، گورنمنٹ یا حکومت کے جو موٹے موٹے معاملات ہیں، جو کلیات ہیں، جزیات نہیں، ان میں مشورہ دیا کریں گے یعنی ان معاملات کو اپنے ہاتھ میں لے لیں گے ۔ جناب والا! جب موٹے موٹے معاملات اپنے ہاتھ میں لے لیں گے۔۔ جزیات تو ویسے بھی صوبوں کے پاس ہیں، وہ تو بلدیاتی اداروں کے پاس ہیں ۔ پھر مرکزی حکومت کیا کرے گی ۔ پارلیمنٹ کا کیا کام رہ جائے گا ۔ مرکزی حکومت کا کام تو یہی ہے کہ بڑے بڑے معاملات کو سر انجام دے ۔ بڑے بڑے معاملات میں گفت و شنید کرے۔ بڑے بڑے معاملات میں ایک دوسرے کی بحث و مباحث اور دلائل سنے اور اس کے

مطابق جو تجاویز سامنے آئیں ، ان کے مطابق فیصلے کرے ۔جب بڑے معاملات ، کلیات وہ اپنے ہاتھ میں لے لیں گے تو پھر پارلیمنٹ کی حیثیت فقط اور فقط ایک بلدیاتی ادارے کی رہ جائے گی۔ اس کے علاوہ پھر پارلیمنٹ کی اور مرکزی حکومت کی کوئی حیثیت نہیں رہے گی ۔ بلدیاتی ادارے تو مارشل لا کے دور میں بھی موجود ہوتے ہیں ۔ بلدیاتی ادارے چلتے رہتے ہیں ۔ روزمرہ کے جو معاملات ہوتے ہیں ، وہ تو مارشل لاء کے دور میں بھی چلتے رہتے ہیں ۔جب وہ تمام سیاسی معاملات کو اپنے ہاتھ میں لیں گے ، داخلہ معاملات کو اپنے ہاتھ میں لے لیں گے ، اقتصادی اور خارجہ معاملات اپنے ہاتھ میں لے لیں گے تو پھر باقی کیا رہ جائے گا۔ یہ وہ معاملات ہوتے ہیں جن کے لئے گورنمنٹ بنائی جاتی ہے۔ انہی کے لئے پارلیمنٹ معرض وجود میں لائی جاتی ہے۔ اگر یہ سب معاملات وہ اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں تو پھر پارلیمنٹ کی کوئی ضرورت نہیں رہتی۔

کچھ دانشور حضرات یہ فرماتے ہیں کہ اس قسم کی کونسل تو امریکہ میں بھی موجود ہے اور وہاں جمہوریت بھی ہے اور جمہوریت پر کوئی ضرب نہیں پڑی ہے۔ مجھے اس پر بھی تعجب ہے۔ جناب والا! یہاں پارلیمانی جمہوریت کی بات کی جاتی ہے اور وہاں صدارتی جمہوریت ہے ، صدارتی نظام ہے ۔ صدارتی نظام میں تمام اختیارات کا مرکز اور محور صدر ہوا کرتا ہے جبکہ پارلیمانی نظام سیاست میں، پارلیمانی طرزجمہوریت میں اختیارات کا مرکز پارلیمنٹ ہوا کرتی ہے۔ پارلیمنٹ کا نمائندہ، عوام کا ایک چناہوانمائندہ وزیر اعظم ہوتاہے ، وہی اختیارات کا مرکز ہوتاہے ۔ پاکستان کے معاملات کو امریکہ پر قیاس کرنا انتہائی غلط ہے اس کے درمیان کوئی قدر مشترک نہیں ہے ۔ کوئی جوڑ نہیں ہے ۔ امریکہ میں اگر اس طرح کی کونسل ہے تو وہ اس لئے کہ وہاں معاملات صدر کے ہاتھ میں ہیں ۔وہاں صدر براہ راست عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوتا ہے۔جبکہ یہاں صدر بالواسطہ اور وزیر اعظم براہ راست عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوتا ہے ۔ہمارے دانشور فرمایا کرتے ہیں کہ اقتصادی اور معاشی معاملات ، جب خراب ہو جاتے ہیں، بالکل گھمبیر اور تباہ کن حالات میں جاتے ہیں تو اس کونسل ہی کو ہم مسیحا بنا کر ان معاملات کو حل کریں گے ۔ جناب عالی! اب ایک بندہ جس نے ساری زندگی فوجی تعلیم حاصل کرکے ساری زندگی فوج ہی میں گزار دی ہے ۔ان کا معاشیات سے کیا تعلق، ان کا اقتصادیات سے کیا تعلق ، وہ کہاں کے اقتصادیات اور معاشیات کے ماہر بن کر معاشیات اور اقتصادیات کو حل کریں گے ۔یعنی دلیل بھی عجیب ، مقاصد بھی عجیب پیش کرتے ہیں ۔ فوج اور اقتصادیات ، فوج اور معاشیات ان کے درمیان کیا

تعلق ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ فوج کا ایک ہی مقصد ہے کہ دفاع اور سلامتی جو اس کی ذمہ داری ہے ۔چاہے اندرونی ہو چاہے بیرونی ہو ، لیکن الحمد للہ ابھی پاکستان میں وہ حالات نہیں ہیں ۔ ملک کے حالات اس طرح گھمبیر اور خراب نہیں ہیں ، اس طرح لاقانونیت اور بربریت کی حالت بھی نہیں ہے کہ فوج آ جائے اور ملک کے حالات کو سنبھالے، یہ فوج اپنے کام میں خوبصورت اور شائستہ لگتی ہے ، سیاستدان اپنے کام میں ۔۔۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔آپ کے پاس دو منٹ اور ہیں ۔

حافظ فضل محمد۔ جناب عالی! ابھی تو کافی باتیں ہیں ۔ میں mover ہوں ، جناب عالی ! چیئرمین سینٹ کو اس لئے شامل نہیں کیا گیا کہ وہ وجوہات اور تاویلات کرتے ہیں ۔ ہم کونسل کے سرے سے ہی خلاف ہیں۔ میرے خیال میں ایک غلط کام کے لئے دس غلط کام اور کرنے پڑتے ہیں جیسے ایک جھوٹ بولنے کے لئے دس جھوٹ اور بولنے پڑتے ہیں۔یہ غلط کام انہوں نے کیا ۔پھر چیئرمین سینٹ کو اس لئے نکالا گیا ، توجو یہ فرماتے ہیں کہ چونکہ یہ ایک انتہائی غیر جانبدار شخص ہے ۔ ایک ادارہ ہے اس کو ہم اس طرح کونسل میں شامل کرکے ان کی غیر جانبداری کو متاثر کرنا نہیں چاہتے ہیں ۔جناب چیف آف آرمی سٹاف ایک غیر جانبدار شخصیت نہیں ہے ۔جو فوج کے سربراہان ہیں وہ غیر جانبدار شخصیات نہیں ہیں ۔اگر وہ بھی غیر جانبدار شخصیات ہیں ان کو آپ اس کونسل میں شامل کریں گے تو ان کا براہ راست تصادم عوام کے سامنے آ جائے گا ۔یہ حقیقت ہے کہ فوج اتنی بدنام ہو جائے گی ۔یہ میں چیلنج کرتا ہوں کہ کوئی بھی گورنمنٹ اس طرح کی نہیں آئے گی جو عوام کی تمام کی تمام توقعات پر پوری اتر جائے ۔ عوام کی تمام مشکلات کو حل کرے جب اس طرح کی گورنمنٹ نہیں بنے گی ۔تو گورنمنٹ سے لوگوں کی نفرت پیدا ہو جائے گی ۔اس سے ان کی عداوت پیدا ہو جائے گی ۔اس سے لوگ بیزار ہو جائیں گے تو اس گورنمنٹ کے کرتوت کی وجہ سے حکومت بدنام ہو جاتی ہے ۔اس کے ساتھ ساتھ فوج بھی بدنام ہو جائے گی۔ کیونکہ عوام کے اندر یہ تاثر ہوگا کہ چونکہ یہ فوج کے مشورے ہیں ۔چونکہ یہ فوج کی پالیسی ہے ۔چونکہ یہ فوج کا طریقہ کار ہے ۔تو لوگ یہ سمجھیں گے کہ یہ گورنمنٹ نہیں اصل میں فوج ہے ۔تو پھر عوام اور فوج کے درمیان براہ راست تصادم اور ایک نفرت کی فضا پیدا ہو جاتی ہے ۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ ملک کے لئے ایک انتہائی خطرناک حالت

ہے ۔جبکہ ہم نے اس قسم کے اعمال کی کبھی بھی حمایت کی ہے نہ کریں گے ۔ البتہ صاف کہیں کہ فوج آ جائے ، بالکل آ جائے ۔ یعنی اس طرح آنا چاہتے ہیں تو آ جائیں ۔ان کو روکتا کون ہے ۔صدر صاحب برملا اعلان کریں لیکن ہمیں اس پر اتنا شکوہ نہیں ہے جبکہ اس وقت مبہم انداز میں ، اس ڈاواں ڈول انداز میں تمام اختیارات فوج کے حوالے ہیں لیکن پھر بھی نام جمہوریت کا لیتے ہیں ۔ جمہوریت کے حوالے سے کہ اس کے استحکام کے لئے کیا جارہا ہے ۔

جناب عالی ! جب وہ مشورہ دیں گے اور وہ وزیر اعظم یا وہ گورنمنٹ نہیں مانے گی ۔ تو پھر کیا ہوگا ؟ یہی سوالیہ نشان ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ وزیر اعظم کو یہ اختیار ہے کہ مشورہ مسترد کرے ۔ جب وہ مشورہ مسترد کریں گے اس کے نتیجے میں جو صورتحال پیدا ہوگی اس کا ذمہ دار پھر کون ہے ۔ ؟ اور پھر بتا سکتے ہیں کہ اگر ان کا مشورہ مسترد کردیا جائے تو وہ وزیر اعظم اور پارلیمنٹ رہ بھی سکتی ہے؟ لہذا ہم اس قسم کے پارلیمنٹ کے قائل نہیں ہیں ۔ وہ بالکل برملا کریں ۔ اس میں ہمیں اتنا سخت اعتراض نہیں ہے کہ پاکستان میں صدارتی طرز جمہوریت ہو تو پھر صحیح ہے لیکن ہمارا آئین ، یہاں جو ہمارا کلچر ہے ، ہماری روایات ہیں اور ابھی تک ہم جس پر چلے آ رہے ہیں۔ ہے جمہوریت تو پارلیمانی طرز کی ، لیکن عملاً جو ہمارے سر پر نافذ ہے وہ صدارتی طرز جمہوریت ہے۔ اسی لئے تمام جو مشکلات اورگھمبیر حالات ہیں۔ اسی سے پیدا ہو رہی ہیں کہ ہم نام تو پارلیمانی طرز جمہوریت کا ہیں جبکہ اختیارات --- میں نے پچھلی تقریر میں بھی کہا تھا کہ جب تک آئین کی یہ دو متضاد شقیں ختم نہیں ہو جاتی ہیں۔ ایک حصے میں مکمل صدر کو بااختیار بنا دیا گیا ہے اور دوسرے حصے میں وزیر اعظم کو مکمل بااختیار بنا دیا ہے۔ یہ اختیارات کا جو تصادم اورٹکراؤ ہے اس نے ہمارے ملک کا بیڑہ غرق کردیا ہے۔ یا تو مکمل طور پر اختیارات صدر کے پاس چلے جائیں تو پھر آئین کو ، تمام قانون کو سب کو آپ تبدیل کریں اورمکمل طور پر ملک میں صدارتی طرز جمہوریت ہو یا یہی آئین قانون یہی ہماری روایات ہیں پارلیمانی طرز جمہوریت کے تو پھر اختیارات ، صدر کی بالا دستی، صدر کے روزمرہ کے معاملات انتظامی امور میں ان کی مداخلت نہیں ہونی چاہیئے ۔تو یہی نتائج سامنے آئیں گے جو فرماتے ہیں کہ دس سال میں ہم نے تجربہ کیا۔ مجھے تو بہت تعجب ہے کہ شفقت محمود صاحب چند ہی مہینے پہلے یہاں پر معزول حکومت کے بہترین سے بہترین وکیل بن کر دلائل دیتے تھے کہ سب کچھ ٹھیک ٹھاک چل رہا ہے۔ لیکن اب ایک ہی رات میں ، رات کے اندھیرے میں صدر صاحب نے جو واردات کی وہ دیکھنے کے بعد

شفقت محمود صاحب کے یکلخت تمام کے تمام خیالات و نظریات تبدیل ہو گئے اور پھر تمام کی تمام خرابیاں اسی گورنمنٹ میں نظر آئیں ۔ جبکہ ایک دن پہلے دنیا بھر کی خوبیاں اسی گورنمنٹ میں نظر آتی تھیں۔ یہ کہاں کی دانشوری ہے' یہ کہاں کا انصاف اور عدل ہے ۔یہ کہاں کی غیر جانبداری اور سوچ ہے' یہ کہاں کی اصول پسندی ہے۔ جب وہ کہتے ہیں ہم اصول پسند ہیں۔ہم کو حقیقت پسندی کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ یہ قلابازیاں یہ سیاسی خانہ بدوش ایک دن کہیں اور دوسرے دن کہیں اور ہوتے ہیں ۔ کیا یہ یہی لوگ اصول پسند ہو سکتے ہیں کہ وہ راتوں رات نظریات بھی تبدیل کرلیتے ہیں ۔ تمام تاریخ پر پانی پھیر کر کہیں اور چلے جاتے ہیں۔ پھر کہتے ہیں کہ ہم اصول پسند ہیں۔ اس کو حقیقت پسندی نہیں کہتے ہیں ۔ یہ اس لئے کہ ایک دن پہلے جب آپ کو وزارت نہیں ملی تھی تو نظریات کچھ اور تھے دوسرے دن جب وزارت ملی تو سب ٹھیک ٹھاک ہوگئے ۔ پھر وہی مارشل لاء بھی ٹھیک ، صدارتی احکامات بھی ٹھیک ، صدارتی تسلط بھی ٹھیک ، جب ایک دن پہلے --- تعجب ہے ۔ جناب عالی ! میں ختم کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔جی ہاں، ختم ہی کردیں ۔

حافظ فضل محمد ۔نہیں ہے تو بہت ۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر۔وہ تو ماشاء اللہ مجھے پتہ ہے ۔

حافظ فضل محمد ۔ اچھا بہت بہت شکریہ۔

(اسی مرحلہ پر اذان ظہر کی آواز سنائی دی)

(اذان ظہر کے بعد اجلاس کی کارروائی)

پروفیسر خورشید احمد ۔ اگر اس وقت debate کو آگے نہیں بڑھایا جارہا تو میں درخواست کروں گا کہ میرا ایک call attention notice ہے جو کہ دو دن سے proper آ رہا ہے اور متعلقہ وزیر صاحب بھی بے چارے انتظار کر رہے ہیں ۔ اگر چند منٹ آپ اس کے لئے مختص فرما دیں توبڑی آپ کی مہربانی ہو گی۔

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, with your permission, before taking up the call attention notice, I believe it is my duty on my own behalf and

on behalf of the Caretaker Government to categorically refute the allegation made by the honourable Senator Mandokhel in the course of his learned observations where he charges us with the charge of subversion of the Constitution. This is not a light charge. I fully respect his right to express his opinion.

Mr. Presiding Officer: So, you will have your turn.

Mr. Javed Jabbar: But Mr. Chairman, may I complete, I have not interrupted him.

Mr. Presiding Officer: What I am saying is that is it supposed to be a point of order?

Mr. Javed Jabbar: It is. But out of deference to his speech, I did not interrupt him.

Mr. Presiding Officer: Actually point of order is one where you either draw the attention of the Chair to the violation of the Constitution or of the rules.

Mr. Javed Jabbar: If you permit me may I proceed to draw your attention to the Rule 200 (j) which specifically prohibits a member from making a defamatory statement.

Now by casting aspersions on the motivation of the entire Caretaker Government, being responsible for subverting the Constitution constitutes nothing less than defamation.

Now you can disagree with the action taken by a particular government or by a Minister in a government but before you level such a serious charge, you have to be absolutely sure about the facts. In no way has any aspect or action of

the Caretaker Government been outside of the ambit of the Constitution or has it violated any law. The judiciary in Pakistan is an independent pillar of the State . If there is any feeling or perception that there has been any violations of the Articles of the Constitution or of any law, no law is prevented from seeking recourse to the law but to use the forum of Parliament to use the freedom of expression that Parliament gives to every member or participant is to say the least unfair and therefore to simply bring on record our views that this is not accepted, it is not a valid charge and we,therefore, categorically reject it.

Mr. Presiding Officer: Well, actually it is a matter of opinion and every speaker has the right to express himself and give his opinion about the performance of a government and he would be within his right to criticise the government and also within his right to say whether a particular caretaker government is violating the Constitution or not.

Mr. Javed Jababr: But Mr. Chairman,......

Mr. Presiding Officer: I have given already my ruling. No further debate on this.

Mr. Manzoor Ahmed Gichki: May I say something on this?

Mr. Presiding Officer: That point of order is over now.

Now, who would like to speak next? Yes Manzoor Gichki.

جناب منظور احمد گچکی۔ جناب چیئرمین صاحب ! شکریہ جی۔ جناب والا! کل یہ قرار داد پیش کی گئی اور قرارداد سے پہلے میں نے اس ہاؤس میں کونسل فار ڈیفنس اینڈ نیشنل سیکورٹی کے بارے میں نشاندہی کی تھی۔ جناب والا! پہلی بات تو یہ ہے کہ ہمارا آئین پارلیمانی and federal and جمہوری ہے۔ اس کونسل کی فارمیشن میں کہیں بھی نہ مجھے اس کی کوئی پارلیمانی حرکت لگتی ہے اور نہ آپ اسے فیڈرل participation کہہ سکتے ہیں اور نہ یہ کوئی جمہوری

عمل ہے۔ جناب چیئرمین ! بالکل یہ theory جناب ایوب خان کے زمانے میں دی گئی ، جس پر عمل درآمد نہ ہو سکا ، جناب ضیاء الحق کے دور میں بھی یہ theory دی گئی ، جس پر عمل درآمد نہ ہو سکا یعنی دو آمروں نے بھی یہ ہمت نہیں کی کہ وہ اس مقصد پر عمل درآمد کرا سکیں ۔ شاباش ہمارے جمہوریت پسندوں کو کہ انہوں نے یہ کارنامہ کر کے دکھایا ۔ جناب والا! یہ تو بالکل ایسا ہی ہے کہ

دامن پہ کوئی چھینٹ نہ خنجر پہ کوئی داغ
وہ قتل کرے ہے کہ کرامات کرے ہے

جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ نگران حکومت نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا ہے اور جو ان کا مینڈیٹ ہے اس پر وہ عمل نہیں کرنا چاہتے یا عمل کرنے کی طرف نہیں جا رہے ہیں تبھی تو یہ مختلف قلابازیاں کھائی جا رہی ہیں۔ جناب والا! کہتے ہیں کہ یہ supra آئینی ادارہ ہے۔ میں تو اس کو سپرا ، سپرا آئینی ادارہ کہتا ہوں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جمہوریت پر جو پانچ جنوری کو شب خون مارا گیا ۔ یہ ایک اور شب خون ہے۔ عوام کے حق پر، پارلیمنٹ کے حق پر، اور ان تمام اداروں پر جو جمہوریت کی بالا دستی کے لئے ہیں ۔جناب والا! میں آئینی ماہر تو نہیں ہوں لیکن میں نے جو تھوڑا بہت آپ لوگوں سے آئین سیکھا ہے وہ یہ ہے کہ کہتے ہیں کہ جی یہ آئین سے supra نہیں ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہے کیونکہ اگر آپ آرمی کے اوتھ sentences پڑھ لیں یا دیکھ لیں جو یہ ہیں۔

I will not engage myself in any political activity whatsoever, and that I will honestly and faithfully serve Pakistan in Pakistan Army, Navy, Air Force as required by and under the law.

جناب چیئرمین ! یہ حلف سے واضح ہے کہ political activities میں آرمی اپنے آپ کو ملوث نہیں کرے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس اوتھ کو پڑھنے کے بعد اور جو کچھ اس کونسل کی فارمیشن میں ہوا ہے یہ دونوں ایک دوسرے کے تضاد ہیں ۔ جناب چیئرمین! یہ 1990,91,92 کے تحت رولز آف بزنس میں تبدیلی کی گئی ہے اور اگر آپ 1990,91,92 یہ تمام پڑھ لیں تو یہاں پر صدر صاحب کو discretionary power نہیں ہیں even اس کے پاس discretionary power نہیں ہیں۔ جناب والا! پھر میں Artical 243,245 کی طرف چلتا ہوں تو وہاں پر یہ تمام powers

فیڈریشن کو ہیں ۔ یعنی یہ پاور vest کرتی ہیں۔ یہ پاور فیڈریشن کو ہے کہ وہ آرمی کو کسی وقت بھی call کرسکتی ہے۔ کسی مقصد کے لئے اس کو اندرونی یا بیرونی مداخلت کے کیس میں بھیج سکتی ہے لیکن یہ اختیارات وزیر اعظم کو ہیں۔ فیڈریشن کو ہیں۔ تو اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ constitutional forum نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! میں dissolution کو اور اس عمل کو الگ نہیں کرتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسمبلیوں کی جو dissolution ہے یہ ایک دوسرے سے ملتے جلتے اقدامات ہیں۔ یعنی dissolution کا purpose مجھے لگتا ہے کہ وہ یہی ہے جو آج ہمارے سامنے ہے۔ اگر آپ کونسل کے combination کو دیکھیں۔ four directly armed forces کے ہیں۔ پانچواں صدر خود جو سپریم کمانڈر ہے۔ چھٹا وزیر دفاع ہے۔ باقی four civilian side سے آپ کہہ سکتے ہیں۔ یہ جو اس کی combination ہے یہ خود کوئی balance نہیں ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ میں اس formation سے اختلاف کرتا ہوں لیکن یہ تو ضیاء الحق کا جو فارمولا تھا اس سے بھی گیا گزرا فارمولا ہے۔ وہاں تو پھر بھی چیئرمین سینٹ اور اس کے ساتھ ساتھ صوبوں کی نمائندگی تھی۔ یہاں تو ۱۰ کے ۱۰ لگتا ہے کہ ایک ہی صوبے سے ہوں گے اور ظاہر ہے کہ یہ اپنے مکمل hegemony کو برقرار رکھنے کے لئے ہے۔جناب چیئرمین! میں دعوے کے ساتھ کہتا ہوں کہ کم از کم اس صدی میں بلوچستان سے کوئی چیف آف دی آرمی اسٹاف نہیں ہوگا۔ ان تینوں forces میں نہیں آئے گا۔ اسی طرح مجھے لگتا ہے کہ سندھ کی بھی یہی حالت ہے۔ تو یہ مکمل طور پر power کو totally control کرکے ایک صوبے کے اختیار میں دیا گیا ہے اور اس کا purpose ہی یہی ہے کہ اس ملک پر مکمل طور پر ایک ہی صوبے کی hegemony رہے۔

جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب President اس کو preside کریں گے تو یہ مکمل طور پر ایک صدارتی طرز حکومت کی طرف جانا ہے۔ چونکہ اس ملک کے عوام نے فیڈرل پارلیمانی سسٹم کو چنا ہے تو اس پارلیمانی سسٹم کو مختلف حیلے بہانوں سے توڑ کر اسے کسی نہ کسی طور پر صدارتی طرز حکومت میں تبدیل کرنے کی ایک بہت گھناؤنی سازش ہے۔ جب دوسرے دن بریفنگ ہوئی ہمارے موجودہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ کی [XXXXX] طرف سے، تو انہوں نے کہا کہ جی یہ تو advisory body ہے۔ وزیر اعظم صاحب آج statement دیتے ہیں ۔چلو جی spokesman کہیئے۔ دوسری طرف اب کہا جاتا ہے کہ مارشل لاء اس ملک میں نہیں لگ سکتا۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا

ہے کہ یہ دونوں بیانات ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔ متضاد اس لئے ہیں کہ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ advisory body ہے۔ دوسری طرف یہ کہا جا رہا ہے کہ اس کی formation سے مارشل لاءنہیں لگ سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ armed forces کو drag کر کے، سیاست میں ملوث کر کے آپ اپنے مستقبل کو بچانا چاہتے ہیں۔ ویسے بھی کون نہیں جانتا کہ اس ملک میں ہر قدم پر، ہر جگہ پر ان کی involvement رہی ہے۔ یہ کہنا کہ چونکہ تجربہ کار لوگ ہیں ان کی تجاویز اس میں شامل ہوں گی۔ جناب چیئرمین! اس ملک میں ۲۵ سال تک انہوں نے direct حکمرانی کی ہے۔ اگر وہ اس قدر باصلاحیت تھے تو 25 سال تک اس ملک کو آمرانہ طریقے سے انہوں نے جو چلایا کیا یہی صلاحیت وہ دوبارہ یہاں پر دوسرے انداز میں اس کا اظہار ہے کہ یہ اس کو implement کریں گے۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک مکمل طور پر سازش ہے اور یہ ایک سازش ہے فیڈریشن کے units کے خلاف، اور چونکہ ہمارا minority province سے تعلق ہے، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس سازش کو کم از کم ہم دل و جان سے accept نہیں کرتے، ہمیں یہ اس لئے accept نہیں کہ مستقبل میں یہ ہمارے لئے کوئی نیک شگون نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! اگر یہ فورم آپ نے بنانا ہی تھا تو پھر اس پارلیمنٹ کی کیا ضرورت تھی، اس پارلیمنٹ کی تو کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اور پھر صدر صاحب کہتے ہیں کہ پارلیمنٹ کی ضرورت تو ہے، advisory ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس پارلیمنٹ کی ہتک ہے بلکہ اس ملک کے تیرہ کروڑ عوام کی ہتک ہے کہ ایک ادارہ قائم کیا جائے اور اس ادارے کی Constitution میں کہیں بھی کوئی گنجائش نہیں ہے اور اس کو عوام پر اور پارلیمنٹ پر impose کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب کوئی قوم کی خدمت نہیں کر رہے ہیں اور مجھے ترس آتا ہے Caretaker Government کے منسٹروں پر اور اس کے پرائم منسٹر پر کہ وہ جس طریقے سے ان سازشوں میں drag ہوتے جا رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ خود اس کو سمجھیں اور خود اسے روکنے کی کوشش کریں۔

جناب چیئرمین! ایک غلط کام کرنے کے بعد، جس طرح میرے دوستوں رحیم مندوخیلاور حافظ نے کہا کہ ایک جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کے لئے ہزاروں جھوٹ بولنے پڑتے ہیں، ایک غلط حرکت کو justify کرنے کے لئے ہزاروں ایسی حرکتیں کرنی پڑتی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو dissolution ہوئی ہے اس سے زیادہ غلط کام تو ہو ہی نہیں سکتا، یہ یقیناً ہے کہ جی آئین میں ہے، آئین

XXX بحکم پریذائیڈنگ آفیسر حذف کیا گیا

میں تو بہت سی چیزیں ہیں لیکن ضروری نہیں ہے کہ ہر اس غلط قدم کو اٹھایا جائے جس کی ضرورت نہیں پڑ رہی ہے۔ کہتے تھے کہ جی یہ corrupt حکومت ہے ' میں بھی کہتا تھا corrupt ہے' لیکن دو مہینے سے اب تک کچھ ثابت نہیں کر سکے ' کہتے تھے کہ جی kick back لیا ہے ' اچھا جی ثابت کریں' تو ابھی تک kick back بھی ثابت نہیں ہوا۔ کہتے تھے کہ جی یہ عدالتوں کا احترام نہیں کرتے ہیں' عدالتوں نے تو اب تک کوئی ایسا فیصلہ نہیں دیا ہے کہ ہمارا احترام نہیں کیا جاتا ہے۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ احتساب کا بہت ڈھونگ رچایا جاتا ہے کہ ہم احتساب کر رہے ہیں' یہاں میں تو کسی کا احتساب نہیں دیکھ رہا ہوں سوائے political victimization کے۔ تو جناب والا اگر احتساب کا مطلب political victimization ہے تو پھر یہ ہو رہا ہے اور یہ ایوب خان کے زمانے میں بھی ہوتا رہا ہے ' یحییٰ خان کے زمانے میں بھی ہوتا رہا ہے اور ضیاء الحق کے زمانے میں بھی یہ ہوتا رہا ہے۔ یہ تو political victimization ہے ۔ آپ آج تک کوئی چیز لوگوں کے سامنے لا سکے ہیں ' آپ نہیں بلکہ بہت سے لوگ برملا یہ بات کہتے تھے کہ کرپشن ہے' آپ ثابت تو کر کے دیں ' کیا کرپشن اِس گورنمنٹ میں تھی ' اِس سے پہلے گورنمنٹ میں نہیں تھی' اسُ سے پہلے والوں میں نہیں تھی ' ان سب میں تھی۔ اب آپ کر کے دکھائیں ' آپ نے تو ایک کو بچایا دوسرے کو پھانسی پر لٹکانے کی تیاری کر لی ہے ۔

جناب والا ! میں سمجھتا ہوں کہ جو موجودہ آنے والے الیکشن ہیں یہ الیکشن exactly وہی ہوں گے جو 90 ء میں ہوئے ' میں بالکل دعویٰ کے اور وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہ الیکشن fair الیکشن نہیں ہوں گے ' یہ باقاعدہ ایک سازش ہے اور اپنے کچھ پسندیدہ لوگوں کو لانے کا ایک طریقہ adopt کیا گیا ہے اور انہیں لانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اب یہ مجھے نہیں پتا ہے کہ ان کا پسندیدہ کون ہے' نواز شریف ہے ' عمران خان ہے کہ کوئی دوسرا یا تیسرا ہے۔ لیکن بہرحال fair الیکشن نہیں ہوں گے۔ جناب چیئرمین ! میں یہ عرض ضرور کروں گا کہ اس ملک میں ہمیشہ جمہوریت کے خلاف سازش رہی ہے ' یہ کہنا کہ اس ملک کا دیوالیہ ہو گیا ہے ۔ یہ کہنا کہ یہاں پر کرپشن بہت زیادہ ہو گئی ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ جناب اس ملک کا دیوالیہ تو صرف وہ ادارے کر رہے ہیں کہ جنھوں نے اس ملک کو معاشی طور پر دیوالیہ کیا ' جنھوں نے اس ملک کا سیاسی طور پر دیوالیہ کیا ہے۔ یہاں پر بہت سے ساتھی بہت سے دوست اس پر بہت چھپا کر بات کرتے ہیں ۔ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہم backward area کے لوگ ہیں ' جنگلوں بیابانوں میں رہنے والے ہیں۔ ہم تو دوٹوک بات کہتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں جناب کہ جب تک پاکستان کی سیاست میں فوج کا عمل دخل رہے گا اس وقت تک اس ملک میں جمہوریت پنپ نہیں سکتی ۔ یہ ایک مسلمہ

اصول ہے کہ جہاں فوج ملوث ہو جائے سیاست میں وہاں پرجمہوریت ہو ہی نہیں سکتی۔ تو جناب والا ، چاہیئے تو یہ تھا کہ ہم فوج کو۔۔۔ جو کہ ایک دو سال میں کوشش کی گئی کہ فوج سیاست میں ملوث نہیں ہوگی ، ہم نے خود اسے دوبارہ سیاست میں لانے کی کوشش کی صرف اپنی کمزوریوں کو چھپانے کے لئے ۔ میں جناب سمجھتا ہوں کہ یہ نگران حکومت اس قدر کمزور اورمفلوج ہے کہ میں نے پاکستا ن کی تاریخ میں اس سے زیادہ مفلوج اور کمزور حکومت نہیں دیکھی ہے ۔ ظاہر ہے اپنی اس کمزوری کو ، اپنی اس نااہلی کو بچانے کا ان کے پاس صرف یہی طریقہ رہ گیا ہے کہ وہ اس ملک میں دوبارہ directly فوج کا عمل دخل شامل کرلیں ۔ جناب والا ، میں اس کونسل کی فارمیشن کو condemn کرتا ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس ملک کی بقاء کے لئے سب سے زیادہ خطرناک چیز ہے اورمیں اور ہمارے ساتھی کم ازکم جو اس ایوان میں ہیں ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ شکریہ جی بیرسٹر افتخار آپ زیادہ وقت لیں گے یا تھوڑا ۔

بیرسٹر افتخار احمد ۔ جی میری تقریرلمبی ہوگی ۔

CALL ATTENTION NOTICE Re; TRADE WITH INDIA.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ اچھا۔ پروفیسر صاحب کا توجہ دلاؤ نوٹس breifly لے لیں گے it shall only be a breifly statement above.

پروفیسر خورشید احمد ۔ جناب چیئرمین! میں ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے موقعہ دیا ۔ یہ call attention notice میں نے جس مسئلے کے بارے میں دیا ہے وہ پاکستان اور ہندوستان کی تجارت ہے ۔اس سلسلے مین بہت سی چیزیں اخبارات میں آتی رہی ہیں ان دنوں لیکن خصوصیت سے جب پاکستان کی فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور انڈیا کے فیڈریشن آف انڈین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی میٹنگ ہوئی ہے حال ہی میں اور اس کے درمیان ایک common understanding ہوئی ہے جس کو پاکستان کے اخبارات نے چھاپا بھی ہے اور اس کے اوپر پاکستان کے اخبارات میں اداریے بھی لکھے گئے ہیں ۔ جناب والا' یہ مسئلہ بڑا اہم اس لئے ہے کہ ہم بھی آزاد تجارت کے قائل ہیں اور ہندوستان سے تجارت کے سلسلے میں جو بنیادی اعتراض محض میرا نہیں بلکہ

پاکستان کی تمام حکومتوں کا اور اس میں ایک حد تک مطابقت رہی ہے policy making کے اندر خواہ کوئی بھی برسراقتدار رہا ہو ۔ وہ یہ کہ ہندوستان نے پاکستان کے معاشی حقوق کو تقسیم کے وقت سے لے کر آج تک ادا نہیں کیا ۔ اور اسی بناء پر تجارت کے تعلقات کو normalize کرنے سے اعتراض کیا گیا ۔ اس کے بعد پھر سارک کے تحت ، پھر اب WTO کے تحت سارک میں بھی یہ مسئلہ اٹھا ہے اور back door سے یہ کوشش کی گئی کہ ان تعلقات کو normalize کیا جائے اور تجارت بڑھائی جائے ۔میری نگاہ میں دو بنیادی وجوہ سے پاکستان کی پالیسی اس کے قومی مفاد میں ہندوستان سے تجارت کی حوصلہ افزائی نہیں کرتی ہے۔ اس کی پہلی وجہ یہ ہے اور اب تک یہ بات شاہد ہے کہ اگر آپ پچھلے ہر دور کے تجارت کے توازن کو دیکھیں تو آپ یہ پائیں گے کہ ہندوستان کی یہ کوشش رہی ہے کہ کسی طرح وہ پاکستان کی مارکیٹ پر قبضہ کرے، جس طرح اس نے بنگلہ دیش کی مارکیٹ پر قبضہ کیا ہے ۔اس نے ان چیزوں کو promote کیا ہے جن سے ایک قسم کی dumping کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہو لیکن میری نگاہ میں یہ بھی ایک ضمنی معاملہ ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پچھلے سات سال سے کشمیر کے معاملے میں جو صورتحال پیدا ہوئی ہے اور جس کی بنا پر پاکستان نے یہ اصولی موقف اختیار کیا کہ ماضی میں جو بھی ہوا، ہمیں ہندوستان پر economic pressure بھی استعمال کرنا ہے، diplomatic and political pressure کے ساتھ ساتھ تاکہ کشمیر کے مسئلے کا حل ہو سکے اور جو ظلم، جو کارروائیاں وہ کشمیر میں کر رہا ہے اس کو دنیا کے سامنے بھی ہم لائیں اور economic pressure کے ذریعے اس بات کی کوشش کریں کہ وہ UN کی قراردادوں کے مطابق اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے تیار ہو۔ پھر پاکستان نے بھرپور کوشش کر کے اپریل 1993 میں OIC کے Foreign Ministers کی کانفرنس میں پہلی مرتبہ یہ resolution پاس کرایا کہ نہ صرف پاکستان بلکہ سارے مسلمان ممالک ہندوستان پر economic pressure استعمال کریں تاکہ کشمیر کا مسئلہ حل ہو سکے۔ یہ ہمارا موقف رہا ہے۔ اس context میں جب ہمارے چیمبر آف کامرس کے لوگ جا کر انڈیا کے ساتھ معاہدے کریں اور اس کی بنیاد یہ ہو کہ آیئے ہم معلومات کا تبادلہ کریں، facilitate کریں معاملات کو اور تجارت کو بڑھائیں تو یہ دراصل وہ signals ہیں جن کے ذریعے سے آپ کشمیر کے مجاہدین کو غلط signal دے رہے ہیں۔ ان کا پاکستان کے سلسلے میں یہ تصور ہے کہ وہ جنگ پاکستان کی جنگ لڑ رہے ہیں، بجائے اس کے کہ ہم ان کی تائید کریں ، ان کی تقویت کا ذریعہ بنیں، ہم اس کے برعکس ہندوستان سے اپنے تعلقات کو normalise کر کے ان کی جدوجہد کی پیٹھ میں خنجر

گھونپنے کے مترادف عمل کر رہے ہیں۔ یہ وہ چیز ہے جس کی بنا پر میں مجبور ہوا کہ اس مسئلے کو یہاں اٹھاؤں، حکومت کو متوجہ کروں تا کحکومت اس معاملے میں اس پالیسی کو جاری رکھے جو پالیسی economic and political imparitives کی بنا پر طے کی گئی ہے اور جس میں کوئی تبدیلی اس وقت تک نہیں آنی چاہیئے جب تک کہ مسئلہ کشمیر حل نہ ہو جائے۔ جب وہ حل ہو جائے گا تو اس کے بعد خالص economic وجوہ سے ہم دیکھیں گے کہ کیا pattern ہونا چاہیئے تجارت کا، جس میں ہماری صنعت متاثر نہ ہو تجارت فروغ پا سکے۔ لیکن جب تک وہ مسئلہ حل نہیں ہوتا ہے، وہ اتنا important and crucial ہے کہ اس کی موجودگی میں اس ٹائپ کی understanding یا وہ اقدام جن کے نتیجے کے طور پر تجارت normalise ہو یہ پاکستان کے معاشی، سیاسی اور strategic معاملات کے خلاف ہے۔ جناب والا! ان گزارشات کے ساتھ میں چاہوں گا کہ وزیر صاحب حکومت کی پالیسی کی وضاحت کریں کہ حکومت اس معاملے میں کہاں stand کرتی ہے اور کیا اقدام وہ کر رہی ہے تاکہ جو resolution اس نے خود پاس کروائے ہیں OIC کے اندر اور جس کا اعلان ہاؤس ٹاپ سے ہر پارٹی نے کیا ہے اس کے violation کو کیسے روکا جائے اور اس کی implementation کے لئے کیا اقدام کیا جائے۔ شکریہ

Mr. Presiding Officer: Would you like to respond to the call attention notice?

Dr. Muhammad Zubair: Trade relations between India and Pakistan are governed by the import policy order which is issued annually sir. Currently, trade with India is allowed only for about 580 items. The level of trade between the two countries is about 100 million dollars. This is both exports and imports. So, there is already trade between the two countries but it is restricted. In relation to trade with other countries, this is highly restricted trade. And as the honourable Senator said, it reflects the wishes of the Government and the people of Pakistan toshow their disapproval of certain other Indian policies for instance of Kashmir. Now, the agreement that the MOUs that have been

concluded between the President of the FPCCI and the India's counterpart, reflect the wishes of the business community for an exchange of information between the two chambers andto extend facility of contacts to the delegations and businessmen from the two countries which is needed so as to facilitate the trade in the existing items which are allowed to be traded between the two countries. This agreement does not in any way reflect the wishes of the Government of Pakistan to increase the level of trade between the two countries and I would like to stress that this does not reflect any back door method of increasing trade with India. It is simply to facilitate the trade in those items which are already been traded. The conclusion of the MOU by the President of the FPCCI and his counterpart does not alter the Government of Pakistan's stand on trade with India. Therefore, we would like to request the honourable Senator to kindly withdraw the notice issued in this regard. Thank you sir.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! محترم وزیر صاحب کو شاید معلوم نہیں ہے Call Attention Notice میں کوئی withdrawal نہیں ہوتا ۔ Adjournment Motions کے rules اور ہیں اور Call Attention کے اور ہیں اور اس کا مقصد یہ ہے کہ ایک قومی مسئلے پر توجہ مرکوز کرائی جائے اور گورنمنٹ کے سامنے position آجائے۔

Mr. Presiding Officer: According to the rules it is only that in Call Attention Notice statement is made and the Minister concerned responds to that. Now Barrister Iftikhar.

Barrister Iftikhar Ahmed: Thank you Mr. Chairman. I am most grateful for affording this opportunity and I promised that I shall start off and with your kind permission, continue tomorrow so that not a lot of time is wasted on this.

Mr. Presiding Officer: Do you want to speak for only five or ten minutes.

Barrister Iftikhar Ahmed: That is right Mr. Chairman. I shall from the very outset most humbly advert my comments towards the observations made by the honourable Minister for Food and Agriculture who was speaking on behalf of the Caretaker Government in defence of the setting up of this Council of Defence and National Security. He is defending the Defence Council and the words used, not only by him but also by the honourable Minister for Information as he spoke on the TV last night in a programme which was meant to again defend the setting up of this Council. The honourable Minister for Information, if I recall correctly, said that there are very grave circumstances prevailing today. The exact word in urdu was

گھمبیر حالات میں

I am trying to go to the very root of the idea that gave birth to this Council as it is seen and perceived by the people of Pakistan and as developments leading up to its setting up indicate quite vividly. What are these

گھمبیر حالات۔

What is this grave situation? The grave situation in my view persisted as far as, they were concerned up to the 5th of November, 1996. Thereafter, the proclamation by the President and the setting up of the Caretaker Government presumably did away with that grave situation and they were supposed to act in a manner to eradicate the gravity of that situation. Why after two months the Minister of Information appears on the TV and addressing the nation and say today, there is a very grave situation. We do not understand as to in the face of the fact that

the Election Commission is working at good speed to conduct free, fair and transparent elections and the whole state machinery is working towards that end and the federation and the provinces appear to be running in accordance with the provision of the Constitution. They indicate towards immense gravity of the situation. Perhaps they are absolutely right. There is no doubt about this in our minds at least or in the minds of the general public that the situation brought about by this caretaker government after the 5th of November, is so grave, so confusing, so alarming that they themselves have now entered into an arena where they seek support. They seek help from whom of all the people, from the most respected institutions of this country. What calls for all this? The honourable Minister for Food and Agriculture and Livestock says there is a serious danger to the integrity of Pakistan. He said this today in this House. What kind of danger to the integrity of this country? What are they trying to tell the nation? If there is something that the nation does not know, I feel that they have failed to communicate with the people. Because if there is a serious danger to the integrity of Pakistan, I am amazed, they are the only people who know about this. Yes there is immense confusion. Yes there is immense mistrust. Yes, there is immense wilderness in which people find themselves under the governance of the caretakers. There is no doubt about that. But I do not feel that the people in this country have finally determined that there is so much of confusion, there is so much enormity of indecision by this caretaker government that the situation has brought itself to state where it could be termed as a serious danger to the integrity of Pakistan. I am ashamed to hear this from a caretaker minister that he is informing this House that this country's integrity is at stake at this time. He also says that we are unable to govern and enlisted numerous

reasons why we are unable to govern. Whose fault is it? How did that come about. That inability to govern? Now, presumably they are providing reasons for the setting up of this council. He also says that the democracy is threatened. What a preposterous suggestion to make. And in the same breath, they leave no stone unturned to keep on harping on the fact that we are a constitutional government, about which there is no doubt and we are functioning constitutionally. They are appearing in this august House to represent the government and yet I do not know from where do they get this perception that the democracy is threatened. If this is the background Mr. Chairman sir, I can very easily, personally speaking from myself, try to understand the real reasons. In a way they might be very honest people. They are coming out with real truth behind the setting up of this council. They have for themselves, created an environment as a result of their own incompetence, as a result of the confusion that they are perpetrating day after day, night after night, in their governance that they have now fears that either the democracy is threatened or there is total inability to govern or there is gravity of situation leading up to a stage where there is serious danger to the integrity of this country. Now I do not see any other recipe for disaster for any government that comes to conclude that this is the situation which warrants the setting up of this Council for Defence and National Security. Mr. Chairman sir, only the mere act of doing this, the mere actof setting up of this council amply speaks, the disaster that this caretaker government has created in this country. There is absolutely no doubt in the minds of the people and perhaps in the heart of their own hearts, if they come out of their governance to see and feel that the people are right, they have ever seen any such government in the history of 50 years of Pakistan inception. And

with further fear going around in the mind of everybody as to what is going to happen tomorrow. They do not understand, what they have done, by involving the army generals, the chiefs of the three forces of Pakistan and also the Chairman of the Joint Chiefs of Staff Committee into this set up that they in their own mind very innocently perceive to be only an advisory body. Are they oblivious of the history of this country? Are they oblivious of the damage done to the democracy and the polity of this country, by the interventions of the military rulers in the past? And why on earth at this millennium, in this particular time when people, since 1985, have taken a breath of relief from the pressures of the military jackboot of the armed forces to find for themselves a democratic polity bad or good, right or wrong but thousand times better than even a whiff of military rule, even if a whiff of military interventions, even if a whiff of military advice. In the running of the affairs of the federation of Pakistan. What are they trying to do? Are they also oblivious of their role which has beenamply stated in the judicial pronouncement of the highest courts of our country? Their task remains only and only the running of the affairs from day to day.

Mr. Chairman sir, they have somehow felt ever since they came into power, they are going to be here for two years. They are not here, and perhaps one of them inadvertently stated this that they are not here for three months. They are from the very start trying to put aside the concept of day to day running of the affairs. They are not sincere in holding elections within 90 days, least of all free and fair, and transfer powers to the newly elected people. Their assertions day after day have become totally meaningless. They have entered into this new arrangement in such a dubious manner, I will go through the

manner in which they have brought about this in total violation of the Constitution. Only and only to secure future. What future. They are fearful of a number of things, they are so weak, they are so powerless today that they needed the interventions and assistance of the armed forces to provide them support not only upto 3rd of February, they think that the people on the streets are idiots. Then this council has been set up to see the fair elections taking palce on the 3rd of February and the transfer of power. They are binding the next government into an arrangement because they know that the government of the elected body in the National Assembly and the Provincial Assemblies is going to be their own hand picks. Thereasons could have supported my view that they have thought of providing permanence to the days to come and that too with the support of the armed forces.

Mr. Chairman, I reached a point where I could take it up tomorrow if your goodself would allow me.

Mr. Presiding Officer: Would you like to conclude it today?

Barrister Iftikhar Ahmed: Sir, it could take another time.

Mr. Presiding Officer: So, we will start with a fresh...

Barrister Iftikhar Ahmed: Perhaps I would also need to.

Mr. Presiding Officer: O.K. So, the House is adjourned till tomorrow at ten o'clock in the morning.

(The House then adjourned to meet again on thursday, Jan. 09, 1995 at ten of the clock in the morning)